بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ وکفی وسلام علی عبادہ الذین اصطفی۔

اما بعد: آج بتاریخ یکم شعبان المعظم ۱۴۴۶ھ زیمبیا کے شہر لوساکا میں الاحسان تربیت کے ذمہ دار حضرات سے ملاقات ہوئی، اور انہوں نے اپنے طریق کار اور سرگرمیوں کے بارے میں بتایا کہ یہ ادارہ بچوں اور نوجوانوں کے ساتھ گھل مل کر انکی دینی و اخلاقی تربیت کے لئے مختلف پروگرام دیتا ہے، اور مختلف عنوانات سے کیمپ لگاتا ہے جس میں بچوں اور نوجوانوں کی جائز دلچسپیوں کا انتظام بھی ہوتا ہے، اور ان سے مذاکرہ بھی اور کسی وقت ان کو گذارنے کے ذریعے انہیں دینی تعلیمات اور اخلاقیات کا عادی بنایا جاتا ہے

دل سے دعا ہے کہ یہ کام نئی نسل کی اصلاح اور تربیت کیلئے کامیاب ہو اور رضائے الٰہی کا ذریعہ بن کر ترقی کرے۔ آمین۔

بندہ

محمد تقی عثمانی عفی عنہ

۱-۲-۱۴۴۶ھ